© rasailojaraid.com



## ’’شرح شمائل ترمذی‘‘ (جلد دوم)

زیر نظر کتاب جناب نبی اکرم ﷺ کی سنن وشمائل پر امام ترمذیؒ کی معروف کتاب کی اردو میں شرح کا دوسرا حصہ ہے جو ممتاز صاحب علم مولانا عبد القیوم حقانی کے قلم سے ہے اور اس میں جناب نبی اکرم ﷺ کی مبارک عادات وشمائل کی دل نشیں انداز میں وضاحت کی گئی ہے۔

چھ سو کے لگ بھگ صفحات پر مشتمل یہ مجلد کتاب القاسم اکیڈمی، جامعہ ابو ہریرہ، خالق آباد، نوشہرہ، صوبہ سرحد نے شائع کی ہے اور اس کی قیمت درج نہیں ہے۔

## ’’صحابہ کرام کا اسلوب دعوت وتبلیغ‘‘

ہمارے فاضل رفیق کار پروفیسر محمد اکرم ورک کے اس تحقیقی مقالہ کے بیشتر حصے ’الشریعہ‘ میں قارئین کی نظر سے گزر چکے ہیں۔ یہ مقالہ کتابی صورت میں مکتبہ جمال کرم لاہور نے شائع کیا ہے۔

ساڑھے تین سو سے زائد صفحات پر مشتمل اس مجلد کتاب کی قیمت ۱۳۵ روپے ہے اور اسے الشریعہ اکادمی، ہاشمی کالونی، کنگنی والا گوجرانوالہ سے بھی طلب کیا جا سکتا ہے۔

## ’’مشاہیر اراکان برما اور برمی حکومت کے دل خراش مظالم‘‘

جامعہ احتشامیہ جیکب لائن کراچی کے استاذ مولانا حافظ محمد صدیق نے، جو اراکان برما سے تعلق رکھتے ہیں، اس خطے کے مظلوم مسلمانوں کی حالت زار کی تفصیل بیان کی ہے اور برمی حکومت کے مظالم کو بے نقاب کیا ہے۔ برما کے مسلمانوں کی مظلومیت اور بے بسی سے آگاہی کے لیے اس کتاب کا مطالعہ ضروری ہے۔

پونے چار سو صفحات کی یہ ضخیم معلوماتی کتاب مصنف سے مندرجہ بالا پتہ پر طلب کی جا سکتی ہے۔

## ’’تجزیہ قادیانیت‘‘

ہمارے فاضل دوست اور ماہنامہ الہلال مانچسٹر کے مدیر مولانا حافظ محمد اقبال رنگونی نے قادیانی نبوت اور مرزا



© rasailojaraid.com